سبق-9

سڑک کیسے پار کریں

ارشد نے اپنی ماں کو رِکشے سے اُترتے ہوئے دیکھ کر پوُچھا۔

"امّی! خیریت تو ہے، کیا بات ہے؟ آپ کہاں سے آرہی ہیں؟"

ماں : بیٹے! حامِد اسپتال میں ہے۔ اُس کا ایکسیڈنٹ ہوگیا ہے۔
لیکن گھبرانے کی کوئی بات نہیں ہے۔

ارشد : امّی! اُسے چوٹ کیسے لگ گئی؟

ماں : سڑک پار کرتے ہوئے حامد نے شاید گاڑی نہیں دیکھی ہوگی۔

ارشد : امّی! یہ تو بہت بُرا ہوا۔

ماں : بیٹا! اسی لیے تو کہتے ہیں کہ سڑک دیکھ بھال کر پار کرنی چاہیے۔

ارشد : امّی! سڑک پر کیسے چلنا چاہیے؟

ماں : بیٹا! پہلی بات تو یہ ہے کہ سڑک کے بائیں جانب فُٹ پاتھ

پر چلنا چاہیے۔

ارشد : امّی! سڑک پار کرتے وقت اور کن باتوں کا دھیان رکھنا چاہیے؟

ماں : تم نے بہت اچھی بات پوچھی بیٹا۔ دیکھو! چوراہوں پر ہری اور لال بتّیاں لگی ہوتی ہیں۔لال بتّی ہونے پر گاڑیاں رُک جاتی ہیں۔اور ہری بتّی ہونے پر چل پڑتی ہیں۔ اس لیے سڑک پار کرتے ہوئے ہری اور لال بتّیوں کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔

ارشد : امّی! سڑکوں پر سفید اور کالی دھاریاں کیوں بنی ہوتی ہیں؟

ماں : ہاں تم نے یہ بھی اچھّی بات پوچھی۔ان سفید اور کالی دھاریوں کو ''زیبرا کراسِنگ'' کہتے ہیں۔زیبرا کراسِنگ پر پیدل چلنے والے

سڑک پار کرتے ہیں۔ زیبرا کراسِنگ پر بھی ہری اور لال بتّیاں لگی ہوتی ہیں۔ یہاں بھی لال بتّی پر رُک جانا چاہیے۔ ہری بتّی ہونے پر سڑک پار کرنی چاہیے۔ پھر بھی دائیں اور بائیں جانب دیکھ لیا جائے تو اچھّا ہے۔

ارشد : امّی! پیلی بتّی بھی تو ہوتی ہے۔

ماں : ہاں بیٹا! یہ تو میں بھول ہی گئی تھی۔ پیلی بتّی ہونے پر ہمیں چلنے یا رکنے کے لیے تیار ہو جانا چاہیے۔

ارشد : امّی! اگر چوراہوں پر بتّیاں نہ ہوں تو سڑک کیسے پار کریں؟

ماں : بیٹا! ایسی جگہوں پر ٹریفک پولس ہوتی ہے جو ہاتھوں سے چلنے اور رکنے کا اشارہ کرتی ہے۔

مشق

پڑھیے اور سمجھیے۔

ایکسیڈنٹ	:	حادثہ
جانِب	:	طرف
فُٹ پاتھ	:	سڑک کے کنارے پیدل چلنے کا راستہ
کراسِنگ	:	پار کرنا

اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. حامد کو اسپتال کیوں لے جایا گیا تھا؟
2. سڑک کے کس طرف چلنا چاہیے؟
3. سڑک پار کرتے وقت کِن باتوں کا دھیان رکھنا ضروری ہے؟
4. چوراہوں پر گاڑیاں کب رُکتی اور کب چلتی ہیں؟
5. پیلی بتّی سے کیا مطلب ہے؟

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

لال بتّی   زیبرا کراسنگ   ایکسیڈنٹ   فُٹ پاتھ   دیکھ بھال

1. حامد اسپتال میں ہے۔ اس کا ________ ہو گیا ہے۔
2. سڑک ________ کر پار کرنی چاہیے۔
3. سڑک کے بائیں جانب ________ پر چلنا چاہیے۔
4. سڑکوں پر بنی سفید اور کالی دھاریوں کو ________ کہتے ہیں۔
5. ________ ہونے پر گاڑیاں رک جاتی ہیں۔

حروف کو ملا کر لفظ بنائیے۔

1. ر ک ش ا = ...
2. گ ا ڑ ی = ...
3. پ ے د ل = ...
4. دھ ی ا ن = ...
5. ا س پ ت ا ل = ...

حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملائیے۔

الف	ب
1. ہری بتّی	سڑک کو پیدل پار کرنا
2. لال بتّی	چلنے یا رکنے کے لیے تیّار ہونا
3. زیبرا کراسِنگ	پیدل چلنا
4. پیلی بتّی	چلنا
5. فُٹ پاتھ	رُکنا

 ______

 ______

 ______

 ______

 ______

 ______

نیچے بنی ہوئی زیبرا کراسِنگ اور لائٹ میں رنگ بھریے۔

سوچیے اور بتایئے۔

1. گاؤں اور شہر کی سڑکوں میں کیا فرق ہوتا ہے؟

2. آپ نے اسپتال میں کیا کیا دیکھا ہے؟

3. آپ اسپتال کیوں جاتے ہیں؟

4. نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام بتائیے۔

الف	ب
1. گاڑی	اسپتالوں
2. سڑک	بتّیوں
3. اسپتال	چَوراہوں
4. بتّی	گاڑیوں
5. چَوراہا	دھاریوں
6. دھاری	سڑکوں

خوش خط لکھیے۔

اسپتال					
دھیان					
چوراہوں					
دھاریاں					
کراسِنگ					